© rasailojaraid.com

حضرت سید عطاء المحسن بخاری رحمہ اللہ

# حُسن دائم ہے ترا نقشِ حیات

(نعت)

حُسنِ دائم ہے ترا نقشِ حیات
عشق سے روشن جہانِ شش جہات
ہے تسلسل جہد کا دنیا و دیں
نظمِ طاعت سے نظامِ کائنات
مہرِ کامل کا ابھرنا اور غروب
اس میں رازِ ارتقا سوزِ حیات
ہائے حسرت تو الجھ کے رہ گیا
شک و ریب اور گتھیاں تیری حیات
ہیں رسولِ ہاشمی رازِ حیات
حق الیقیں ، عین الیقیں ان کی حیات

(منقبت) (غیر مطبوعہ کلام)

# علیؓ ــــــ اک جلوۂ مخفی


(ملتان، ۲۱ رمضان ۱۴۱۹ھ)

علی مولیٰ ہے نسبت میں
علی اولیٰ محبت میں
بشارت ہے ، ولایت ہے
وہ برتر سابقیّت میں
علی قاضی بھی ، غازی بھی
علی اقضیٰ ہے امت میں
علی اک جلوۂ مخفی
علی اعلیٰ امامت میں
علی تنہا قدامت میں
علی چوتھا خلافت میں

## مُکھڑا (پنجابی نظم)

سورج مُکھی دے پُھل ورگا اوہدا مکھڑا گول مٹول سورج مُکھی دیاں پتیاں ، لمیاں لمیاں پلکاں
نرگس ورگیاں اکھیاں
گلاں ، تِل تے ٹھوڈی جیویں پُھل گلاب دا کھڑیا موتیاں ورگے دند سنہرے ، درج عقیق دہانہ !

عکسِ تحریر: شاہ جی رحمہ اللہ کا غیر مطبوعہ نعتیہ شعر





© rasailojaraid.com